# خاندانی طور پر



## خُدا کے بارے میں

## کیسے جانیں؟

# تعارف

خُدا آپ کی زندگی میں ایک خاص مقصد رکھتا ہے۔ ہر شخص کی زندگی کی کامیابی کے لئے "بشمول آپ" یہ کتاب طے کرے گی کہ آیا آپ خُدا کے مقصد کو پورا کرتے ہیں یا نہیں۔ خُدا کے مقصد اور ایسی جستجو کے لئے ہمیں اپنی زندگیاں ہر روز گذارنی چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ مطالعاتی تصنیف آپ کی مدد کے لئے بنائی گئی ہے۔

ہر سبق کے تین حصے ہیں، پہلا حوالوں کا مطالعہ، دوسرا اِبتدائی سوالات، اور تیسرا یاداشتی حوالے۔ حوالے کا مطالعہ آپ کو خُدا کی سچائی سکھائے گا۔ اِبتدائی سوالات آپ کو سچائی پر زندہ رہنے میں مدد کریں گے۔ یاداشتی حوالے آپ کو آپ کے دل میں سچ کو چھپانے میں مدد کریں گے۔

اِس تعلیم سے آپ سیکھیں گے کہ ہمیں کیسے خُدا کے لوگ بننا ہے، اور خُدا ہمیں کس طرح کے میاں بیوی کے طور پر دیکھنا چاہتا ہے اور کیسے ہمیں اپنے بچوں کی خُدا کے کلام کے مطابق پرورش کرنی چاہیے اور کس طرح ہمیں ایک کنوارے کے طور پر زندگی گزارنی چاہیے، اور کیسے ہمیں اپنے کھوئے ہوئے عزیزوں میں منادی کرنی چاہیے۔

ہر سبق کو دُعا کے ساتھ شروع کریں۔ اپنے الفاظ میں سوالوں کا جواب لکھیں۔ خُدا سے مدد مانگیں کہ آپ جو کچھ پڑھتے ہیں اُس کے مطابق زندہ رہ سکیں۔ جونہی آپ اِسے پڑھتے ہیں خُدا آپ کو برکت دے!

نوٹ: جونہی آپ اِس کورس کو پڑھتے ہیں اپنے ساتھ بائبل مقدس کا استعمال ضرور کریں تاکہ آپ بہتر طور پر اِس کتاب کے متن کو سمجھ سکیں۔

# سبق 1

# مرد

## (مرد کو کیسا ہونا چاہیے)

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ مرد کس کی شبیہ پر بنایا گیا تھا؟ پیدایش 1: 26-27

2۔ خُدا نے مرد کو کس مقصد کے لئے بنایا تھا؟ پیدایش 1: 28؛ زبور 115: 16؛ 8: 5-6

3۔ مرد نے ایسا کونسا کام کیا جس کی وجہ سے منصوبہ پورا کرنا مشکل ہو گیا تھا؟ پیدایش 3

4۔ مرد کس طرح شیطان پر غلبہ پاسکتا ہے تا کہ وہ خُدا کے مقصد کو اپنی زندگی میں پورا کر سکے ؟ 1۔ یوحنا 1:9؛ 5: 4-5؛ متی 6: 33؛ یوحنا 1: 29؛ مکاشفہ 12: 10-11

5۔ خُدا نے مرد کو کونسی ایسی نعمت سے نوازا ہے جس کے وسیلہ سے وہ خُدا کے مقصد کو اپنی زندگی میں پورا کر سکتا ہے؟ افسیوں 4: 8؛ رومیوں 12: 6، 11: 29

6۔ مرد کیسے خُدا کی حکمت کو پانے کے وسیلہ سے اِس تحفے کو استعمال کر سکتا ہے؟ امثال 1: 7؛ 9: 9-10؛ 13: 20؛ یعقوب 1: 5

7۔ مرد زندگی میں اپنے مقام کو کیسے پا سکتا ہے؟ امثال 18: 16

8۔جب مرد خُدا کے لئے اپنی نعمت کو استعمال نہیں کرتا تب نتیجہ کیا ہوتا ہے؟ متی 25: 14-30

9۔آدمیوں کی کون رہنمائی کرتا ہے؟ امثال 16: 9

10۔مرد کا اپنی زندگی کے ساتھ کیسا رویہ ہونا چاہیے؟ وعظ 3: 22، 2: 24-26

11۔ایک آدمی کا دوسرے لوگوں کا ساتھ کیسا حُسنِ سلوک ہونا چاہیے؟ 1۔یوحنا 4: 7؛
گلتیوں 5: 13-14؛ 1۔ تیمتھیس 5: 1-2

12۔جب ہم دوسروں سے خُدا کے فرمانے کے مطابق محبت رکھتے ہیں تب کیا واقع ہوتا ہے؟ رومیوں 12: 21

13۔خُدا کی قوت کے وسیلہ سے بدی پر غلبہ پانے سے کیا حاصل ہوتا ہے؟ مکاشفہ 21: 7

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر غور و فکر کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔کیا آپ خود خُدا کی صورت پر خلق کیے جانے کے مطابق دیکھتے ہیں؟ جی ہاں۔نہیں۔۔۔اگر نہیں، تب خُدا سے ابھی دُعا مانگیں کہ وہ اِس حقیقت کو تسلیم کرنے کے لئے آپ پر سچائی کو ظاہر کرے۔

2۔کیا آپ نے اپنا دل یسوع کو دے دیا ہے اور اپنی زندگی خُدا کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے وقف کر دی ہیں؟ جی ہاں۔نہیں۔۔اگر نہیں، تب یہ دُعا اپنے دل سے مانگیں۔

" اَے پیارے خُدا، ہم آپ کی اُس محبت کے لئے جو آپ نے یسوع کے وسیلہ سے ہم سے رکھی آپ کا شکر کرتے ہیں۔ مجھے آپ کی ضرورت ہے۔ میں شیطان سے اوراِس جہان کی چیزوں سے بھاگتا ہوں۔ میں اپنے دل سے توبہ کرتا اور اپنے دل کو کھولتا ہوں۔ اَے یسوع، میں ایمان رکھتا ہوں کہ آپ نے میرے گناہوں کے لئے اپنی جان دے دی اور مردوں میں سے جی اُٹھے۔ میرے دل میں آجایئے اور میری جان کو بچا لیجیے۔ میرا خُداوند اور نجات دہندہ بن جایئے اور میری زندگی کا اختیار لے لیجیے۔ مجھے اپنے روح سے بھر دیجیے تاکہ آیندہ میں آپ کے لئے ہی جیئوں۔ دُعا سننے کے لئے میں آپ کا شکر ادا کرتا ہوں۔ یسوع نام میں۔ آمین"


3۔ کیا آپ نے اُس نعمت کو پایا ہے جو خُدا آپ کو دے چکا ہے؟ جی ہاں – نہیں—اگر نہیں، تب خُدا سے کہیں کہ وہ اِسے آپ پر ظاہر کرے۔

4۔ کیا آپ خُدا کی نعمت کے علاوہ کسی ایسی چیز کی تلاش میں ہیں جس کے وسیلہ سے آپ اپنی زندگی گزار سکیں؟ جی ہاں—نہیں—اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے مدد مانگیں کہ وہ اپنی خدمت کے لئے آپ کو اپنی نعمت سے نوازے۔

5۔ کیا آپ اپنی زندگی میں خُدا کے مقصد کے وسیلہ سے خوش ہیں؟ جی ہاں—نہیں—اگر نہیں، تب خُدا سے ابھی ایک شکر گزار دل مانگیں۔

6۔ کیا آپ اپنے ارد گرد کے لوگوں سے محبت رکھنے کے وسیلہ سے بدی پر غلبہ پانے کی خواہش رکھتے ہیں؟ جی ہاں—نہیں—اگر نہیں، تب ابھی توبہ کریں اور خُدا سے مانگیں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **زبور 115: 16**



آدمی کو خُدا کی نعمتوں سے شادمان ہونا چاہیے جو خُدا اُسے دیتا ہے جونہی وہ یسوع کے لئے جینا شروع کرتا ہے۔

# سبق 2

# عورت

## (ایک عورت کو کیسا ہونا چاہیے)

مطالعاتی حوالے: پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ عورت کو خُدا نے کس کی صورت پر بنایا؟ پیدایش 1: 26-27

2۔ خُدا نے عورت کو کس مقصد کے لئے بنایا تھا؟ پیدایش 1: 28؛2: 18

3۔ عورت نے کونسا ایسا کام کر دیا جس کی وجہ سے خُدا کا منصوبہ ناکام ہو گیا؟ پیدایش 3

4۔ عورت کس طرح شیطان پر غلبہ پانے کے وسیلہ سے اپنی زندگی میں خُدا کے مقصد کو پورا کر سکتی ہے؟ 1۔یوحنا 1: 9؛5: 4-5؛ یوحنا 12: 29؛ مکاشفہ 12: 10-11؛ متی 6: 33

5۔ خُدا نے عورت کو کونسی ایسی نعمت سے نوازا ہے جس کے وسیلہ سے وہ خُدا کے مقصد کو اپنی زندگی میں پورا کر سکتا ہے؟ 1۔کرنتھیوں 11: 8،6،3-11؛1۔ تیمتھیس 2: 11-14؛ افسیوں 4: 8

6۔ عورت کیسے خُدا سے ایک دانشمند عورت بننے کے لئے شعور حاصل کر سکتی ہے؟ امثال 1: 7،9: 10؛31: 30؛ متی 26: 6-13؛ اعمال 9: 36

7۔ عورت زندگی میں اپنے مقام کو کیسے پاسکتی ہے؟امثال14: 1،31: 31؛متی26: 6-13؛اعمال9: 36

8۔ایسی عورت جو خُدا کی دانائی کے ساتھ زندہ نہیں رہتی کس کی مانند ہے؟امثال14 :1،9 :13 -17،30 :20؛2
تیمتھیس3:6

9۔ایسی عورت جو بُرائی کے وسیلہ سے زندہ رہتی ہے کیا واقع ہوتا ہے۔امثال27:10-30،9:13

10۔ایسی عورتوں کے ساتھ خُدا کے کونسے وعدے ہیں جو خُدا کے حکموں کے مطابق زندہ رہتی ہیں؟امثال3 : 5-8

11۔ایک عورت کا اپنی زندگی کے بارے میں کیسا رویہ ہونا چاہیے؟فلپیوں4:4-7

12۔ایک عورت کا دوسرے لوگوں کے ساتھ رویہ کیسا ہونا چاہیے؟1۔یوحنا4: 7؛گلتیوں5: 13-14؛
1۔تیمتھیس5: 1-2

13۔جب ہم خُدا کے کلام کے مطابق دوسروں سے محبت رکھتے ہیں تب کیا نتیجہ حاصل ہوتا ہے؟رومیوں12: 21

14۔خُدا کی قوت کے وسیلہ سے بدی پر غالب آنے سے کیا نتیجہ حاصل ہوتا ہے؟مکاشفہ21: 7

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔کیا آپ خود کو خُدا کی صورت پر خلق کی گئی عورت کی مانند دیکھتی ہیں؟جی ہاں—نہیں—اگر نہیں،تب خُدا سے ابھی دُعا مانگیں کہ وہ اِس سچائی کو آپ کے دل میں ابھی ظاہر کر دے۔

2۔ کیاآپ اپنادل یسوع کو دے چکی ہیں ؟جی ہاں — نہیں —— اگر نہیں، تب اِس دُعا کو اپنے دل سے مانگیں۔

"اَے پیارے خُدا! میں تیری محبت کے لئے تیرا شکر کرتی ہوں جو آپ نے اپنے بیٹے یسوع کے وسیلہ سے مجھ کی۔ مجھے آپ کی ضرورت ہے۔ میں اِس جہان کی چیزوں اور شیطان سے واپس تیری طرف آنا چاہتی ہوں۔ میں اپنے دل کو کھولتی ہوں اور اپنے دل سے اپنے گناہوں سے توبہ کرتی ہوں۔ اَے یسوع، میں ایمان رکھتی ہوں کہ آپ میرے لئے صلیب پر مر گئے اور مردوں میں سے جی اُٹھے۔ میرے دل میں آ جایئے اور مجھے بچایئے۔ میرے نجات دہندہ اور خُداوند بن جایئے اور میری زندگی کا کنٹرول اپنے ہاتھوں میں لے لیجیے۔ مجھے اپنے روح القدس سے بھر دیجیے تاکہ میں آیندہ آپ کے لئے زندہ رہ سکوں۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میری دُعا سُن لی ہیں، میں یہ دُعا یسوع مسیح کے وسیلہ سے مانگتی ہوں۔ آمین!"


3۔ کیاآپ اپنی زندگی خُدا کے مقصد کو پورے کرنے کے لحاظ سے یعنی خُدا کے لوگوں کی مدد کرنے کے وسیلہ سے گزار رہے ہیں جس کے لئے خُدا نے آپ کو مقرر کیا ہے ؟جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا سے ایسا کرنے کے لئے ابھی دُعا اور مدد مانگیں۔

4۔ کیاآپ ہنگامہ آرائی کرنے والے آدمی کی مانند ہیں، بجائے کہ آپ خُدا کی آواز کو پہچانیں کہ عورت اور مرد کا اَجر خُدا کی نظر میں ایک جیسا ہی ہے ؟جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب ابھی توبہ کریں اور خُدا سے مانگیں کہ وہ آپ کو خُدا کی مانند بننے میں آپ کی مدد کرے۔

5۔ کیاآپ زندگی میں خُدا کے مقصد کے وسیلہ سے خوش ہیں ؟جی ہاں — نہیں —— اگر نہیں، تب ابھی توبہ کریں اور خُدا سے شکر گزار دل مانگیں۔

6۔ کیاآپ اپنے ارد گرد کے لوگوں سے محبت رکھنے کے وسیلہ سے بدی پر قابو پانے کی کوشش کرتے ہیں ؟جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب ابھی توبہ کریں اور خُدا سے ایسا کرنے کے لئے مدد مانگیں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **پیدایش2: 18**




*ایسی عورت خُدا کی طرف سے مبارک ہے*
*جو دوسروں کی ضرورت کے وقت اُن کی خدمت کرتی ہے*

# سبق 3

# شوہر

## (ایک شوہر کو کیسا ہونا چاہیے)

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ خُدا بیوی کو پانے کے بارے میں کیا فرماتا ہے؟ امثال 18: 22

2۔ خُدا شادی کے بارے میں کیا فرماتا ہے؟ متی 19، 4، 6

3۔ ایک مسیحی کو کس سے شادی کرنی چاہیے۔ 2 کرنتھیوں 6؛14، 15

4۔ خاندان میں شوہر کا مقام کیا ہے۔ افسیوں 5؛23

5۔ ایک شوہر کی اپنی بیوی کے لئے کون سی ذمہ داریاں ہیں۔ افسیوں۔ 5، 25، 28، 29، 33
کلسیوں 3: 19 1 کرنتھیوں 7: 3؛1۔ پطرس 3: 7

6۔ خُدا شادی کے بعد جنسی تعلقات کے بارے میں کیا رہنمائی دیتا ہے؟ عبرانیوں 13: 4، 1۔ کرنتھیوں 7: 4-5

7۔ اپنے خاندان کی ضروریات کو پورا کرنے کے بارے میں شوہر کی کیا ذمہ داریاں ہیں۔ 1۔ تیمتھیس 5:8

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔ کیا آپ اپنی بیوی کو خُدا کی طرف سے تحفہ سمجھتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، ابھی خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو اپنی بیوی کو ایک تحفے کے طور پر دیکھنے میں آپ کی مدد کرے۔

2۔ کیا آپ خاندان کے سر براہ ہونے کے ناطے اپنی تمام ذمہ داریاں بخوبی پوری کر رہے ہیں اور اپنے خاندان کے تمام افراد کے لئے دُعا مانگتے ہیں اور ہمیشہ اُن کی ضروریات کا خاص خیال رکھتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ خاندان کے سر براہ ہونے کے ناطے آپ کو اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں آپ کی مدد کرے۔

3۔ کیا اپنی بیوی کی تمام ضروریات کے ساتھ ساتھ خُدا کے کلام کے مطابق اُس کو اپنی زندگی میں دوسرے لوگوں کے سامنے عزت اور مقام دیتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا سے ابھی دُعا مانگیں کہ وہ ایسا کرنے میں آپ کی مدد کرے۔


4۔ کیا آپ اپنی شادی کی تمام مشکلوں میں ہمیشہ وفادار رہے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب ابھی توبہ کریں اور خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو وفادار شوہر ہونے میں آپ کی مدد کرے۔

5۔ کیا آپ اپنے خاندان کی تمام روحانی جذباتی، اور ذہنی اور حتیٰ کہ جسمانی اور مادی ضروریات کو پورا کرنے کا خیال رکھتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب ابھی خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو اپنے خاندان کی تمام ضروریات پوری کرنے میں آپ کی مدد کرے۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **<u>اِفسیوں 5: 25</u>**

**<u>اپینڈکس ب</u>** میں ایک شوہر اور باپ کے حوالے سے مزید پڑھیں۔

شوہر کو اپنی بیوی
سے ویسے ہی محبت
رکھنی چاہیے
جیسے یسوع نے
کلیسیا سے کی



# سبق 4

# بیوی

## (خُدا پرست بیوی کیسی ہونی چاہیے)

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ خُدا شادی کے بارے میں کیسا خیال رکھتا ہے؟ متی 19: 4-6

2۔ ایک مسیحی کو کس سے شادی کرنی چاہیے؟ 2۔ کرنتھیوں 6: 14-15

3۔ ایک بیوی کے اپنے شوہر کے ساتھ کیسے مراسم ہونے چاہیے؟ اِفسیوں 5: 22، 24؛ کلسیوں 3: 18؛ 1۔ پطرس 3: 1-6

4۔ ایک خُدا پرست بیوی کی اپنے خاندان کی ضروریات کے حوالے سے کیا ذمہ داریاں ہیں؟ امثال 31: 10-28

5۔ ایسے مراسم اُس کے اپنے شوہر کے ساتھ تعلقات پر کیسے اثر انداز ہو گے؟ امثال 12: 4

6۔ خُدا شادی میں جنسی تعلقات کے حوالے سے کیا رہنمائی کرتا ہے؟ عبرانیوں 13: 4، 1۔ کرنتھیوں 7: 4-5

7۔ خُدا اولاد کے بارے میں کیا فرماتا ہے؟ 1۔ تیمتھیس 2: 15؛ زبور 113: 9

**بنیادی سوالات:** (صرف بیویوں کے لئے) آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔


1۔ کیا آپ خود کو اپنے شوہر کے ویسے ہی تابع کرتی ہیں جیسے خُداوند کے؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، تب خُدا سے ابھی دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو اپنے شوہر کے تابع کرنے کے حوالے سے آپ کی مدد کرے۔

2۔ کیا آپ بطور بیوی اور ماں کے اپنی تمام ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، ابھی خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں آپ کی مدد کرے تاکہ آپ ایک اچھی بیوی اور ماں ثابت ہو سکیں۔

3۔ کیا آپ زندگی میں خود کو بچوں کی ماں کے طور پر دیکھتی ہیں تاکہ آپ اِس دنیا کی مدد ایک ماں کے طور پر کر سکیں (پیدایش 1: 28)؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، تو خُدا سے ابھی ایسی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے حکمت مانگیں۔

نوٹ: دُنیا میں سب سے بڑا جھوٹ ایک یہ ہے جو تمام انسانوں کے ساتھ بولا جاتا ہے کہ دُنیا میں آبادی بہت زیادہ ہو چکی ہیں۔ لیکن سچ یہ ہے کہ تمام دُنیا کے لوگ امریکہ کے صرف کسی ایک بڑے شہر میں سما سکتے ہیں۔ کیونکہ امریکہ میں خوراک حد سے زیادہ ہے جو تمام دُنیا کے لئے کافی ہے اور یہی وجہ ہے کہ امریکہ اپنے کسانوں کو فصل نہ اُگانے کے لئے پیسہ دیتا ہے۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **<u>اِفسیوں 5: 22</u>**



بیوی کو اپنی زندگی میں
خاندان کے بہتر مستقبل کے
لئے اپنے شوہر کی مدد کرنی
چاہیے

# سبق 5

## والدین

## ( بچوں کی کیسے تربیت کرنی چاہیے )

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ بچے ہمیں کون عطا کرتا ہے ؟ زبور 127: 3-5

2۔ اولاد کے لیے ایک باپ کی کیا ذمہ داریاں ہوتی ہیں ؟ افسیوں 6: 4، کُلسیوں 3: 21؛ یشوع 24: 15

3۔ ایک ماں کی اپنی اولاد کے لیے کیا ذمہ داریاں ہیں ؟ ططس 2 :4 ، امثال 31:27

4۔ ہم اپنے بچوں کو خُدا کے بارے میں کیسے سکھا سکتے ہیں ؟ استثنا 6 :3-9؛11: 18-21

5۔ بچوں کو یسوع کے لئے زندہ رہنے میں کون سی چیز روکتی ہے اور ہم اس کے ساتھ کیسے نپٹ سکتے ہیں ؟ امثال 22: 15؛23: 13-14؛ 19:24؛ 29:18 :15

6۔ وہ کون سا خاص کام ہے جو ہم اپنے بچوں کے لیے کر سکتے ہیں ؟ مرقس 10: 14

7۔ جب ہم اپنی اولاد کی تربیت خُدا کے کلام کے مطابق کرتے ہیں تو ہمارے لیے خُدا کے کونسے وعدے ہیں امثال 22: 6

8۔جب ہم اپنے بچوں کی خُدا کے مطابق تربیت کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں، تب کیا واقع ہوتا ہے؟امثال 29: 15

9۔آپ کے بچے آپ کے لیے اور آپ اپنے بچوں کے لیے کیا کچھ ہیں۔جب آپ یسوع کے لیے زندہ رہتے ہیں۔امثال 17: 6

10۔جب آپ یسوع کے لیے زندہ رہتے ہیں۔تب آپ کے بچوں کو کیا ملتا ہے؟امثال 13: 22

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔کیا آپ اپنی اولاد کو خُداوند کی طرف سے نعمت جانتے ہیں؟جی ہاں — نہیں —اگر نہیں، تب ابھی دُعا مانگیں اور خُدا سے اِس سچائی کو جاننے کے لئے کہیں۔

2۔کیا آپ بطور والدین، ماں یا باپ کے طور پر اپنی اولاد کے واسطے تمام ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں؟جی ہاں — نہیں —اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے کہیں کہ وہ آپ کی مدد کرے۔

3۔کیا خُدا کی باتیں آپ کی اولاد کے ساتھ گفتگو کے دوران زیرِ موضوع ہوتی ہیں؟جی ہاں — نہیں —اگر نہیں، تب ابھی خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کی مدد کرے تاکہ آپ اپنی اولاد کے ساتھ خُدا کی باتوں کو بانٹ سکیں۔


4۔کیا آپ اب بھی اپنے بچوں کے ساتھ سختی سے پیش آتے ہیں جب وہ آپ کی حکم عدولی کرتے ہیں؟جی ہاں — نہیں ——اگر نہیں، خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو خُدائی نظم وضبط سیکھنے میں آپ کی مدد کرے۔

5۔کیا آپ اِس بات کا احساس کرتے ہیں کہ آپ کا مستقبل آپ کی اپنی اولاد کے ساتھ آپ کے رویے پر انحصار کرتے ہیں؟جی ہاں — نہیں —اگر نہیں، تب خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ اِس سچائی کو آپ کے باطن میں ظاہر کرے۔

6۔ کیاآپ اپنی اولاد کی مدد کے لئے تیار رہتے ہیں تاکہ وہ خُدا کے لئے ہمیشہ زندہ رہے ؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا سے ابھی دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو اپنی ذمہ داری نبھانے میں آپ کی مدد کرے۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **مرقس 10: 14**

**اپینڈکس الف** میں والدین کے حوالے سے مزید پڑھیں۔



اولاد خُدا کی طرف سے میراث ہے

# سبق6

## بطوراولاد

## (بطوراولاد ہمیں کیسے ہوناچاہیے)

مطالعاتی حوالے: پہلے سوال کو غور سے پڑھیےاور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں(سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہاہے)۔ہر سوال کاجواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جوکچھ خُداآپ پر بائبل کے حوالے کوپڑھتے وقت ظاہر کرچکاہے۔

1۔خدا کی بادشاہت کاحصہ بننے کے سلسلے میں ہمیں کیاسیکھنے کی ضرورت ہے؟مرقس10: 15

2۔وہ کون سی بات ہے جس کے بارے میں ہمیں ہمیشہ بچے ہی رہناچاہیے؟1۔کرنتھیوں14: 20

3۔بچوں کی اپنے والدین کے لیے کیاذمہ داریاں ہیں؟افسیوں6: 1-3؛کلسیوں3: 20

4۔اگرہمارے والدین کہیں کہ خداکی بات نہ مانو،تب ہمیں کیاکرناچاہیے؟استثنا27: 10؛30: 19-20؛دانی ایل11: 6-21

5۔جب بچے اپنے والدین کی بات نہیں مانتےتب کیاواقع ہوتاہے؟امثال30: 17

6۔ایک بچے کو مسیحی بننے کے لیے کیاکرناچاہیے؟2۔تیمتھیس2: 22،1۔تیمتھیس4: 12،وعظ12: 1

7۔بچوں کے طورپروالدین کے حوالے سے ہماری کیاذمہ داریاں بن جاتی ہیں جب ہم جوان ہوجاتے ہیں؟امثال 23: 22، 1۔تیمتھیس5: 4

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔ کیا آپ بچے کی مانند حلیم دل رکھتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں —— اگر نہیں، تب خُدا سے ابھی ایک فروتن دل مانگیں۔

2۔ کیا آپ عزت پانا چاہتے ہیں اور اپنے والدین کی ہر حال میں عزت کرتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے مانگیں کہ وہ ایسا کرنے میں آپ کی مدد کرے۔

3۔ کیا آپ اپنے لوگوں میں ایک مثال بننا چاہتے ہیں چاہے آپ کی عمر کتنی ہی کیوں نہ ہوں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، ابھی توبہ کریں اور خُدا سے مدد مانگیں۔

4۔ کیا آپ اپنی تمام ذمہ داریاں بطور اولاد کے اپنے والدین کے لئے پوری کر رہے ہیں جیسے ہی آپ جوان ہوتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے ایسا کرنے کے لئے ابھی مدد مانگیں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **<u>1۔ کرنتھیوں 14: 20</u>**

ہمیں بدی کے معاملے میں ہمیشہ بچے ہی رہنا چاہیے



# سبق 7

# کنوارہ

## (ایک کنوارے کو کیسا ہونا چاہیے)

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ ایک کنوارے کے بارے میں کتاب مقدس کیا فرماتی ہے؟ متی 19: 10-12، 1۔ کرنتھیوں 7: 1، 8، 17

2۔ کنوارے ہونے کے کیا فائدے ہیں؟ 1۔ کرنتھیوں 7: 32، 34-35

3۔ کیوں کسی بھی انسان کو کنوارہ نہیں رہنا چاہیے؟ 1۔ کرنتھیوں 7: 2، 9


4۔ کیا کوئی کنوارہ شخص زندہ رہ سکتا ہے؟ وعظ 4: 9-12، زبور 68: 6

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔ کیا خُدا آپ کو ایک کنوارے کے طور پر بُلا چکا ہے؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا کی تلاش کریں اور اُس سے ایسا رہنے کے لئے قوت اور دانائی مانگیں۔

2۔ کیا آپ اکیلے رہتے ہیں؟؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا کی تلاش کریں تا کہ آپ خُدا کے دوسرے لوگوں کے ساتھ رہ سکیں جو ویسے ہی خاندان یا نسل کے ہیں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **<u>1۔ کرنتھیوں7: 17</u>**



خُدا تنہا کو خاندان بخشتا ہے

# سبق 8

# جنسی معیار

## (خُدا کے اصول)

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ خُدا نے ہمیں بدن کیوں دیئے ہیں؟ 1۔ کرنتھیوں 6: 13-19

2۔ خُدا شادی سے پہلے جنسی تعلقات، زناکاری، حرامکاری کے بارے میں کیا فرماتا ہے؟ گلتیوں 5: 19-21، اِفسیوں 5: 5-7

3۔ جب ہم جنسی تعلق کا شکار ہو جاتے ہیں تب کیا واقع ہوتا ہے؟ 1۔ کرنتھیوں 6: 18، امثال 6: 26-29

4۔ کتاب مقدس زناکار عورت کے بارے میں کیا فرماتی ہے؟ امثال 23: 27-28، 9: 13-18

5۔ ایک زناکار مرد کے بارے میں کتاب مقدس کیا فرماتی ہے؟ امثال 6: 32

6۔ ایک شخص زناکاری پر کیسے غالب آ سکتا ہے؟ 1۔ کرنتھیوں 6: 18، 2۔ تیمتھیس 2: 22، یعقوب 4: 4-10

7۔ جنسی تعلق کب صحیح ہوتا ہے؟ عبرانیوں 13: 4

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ شادی کے بغیر جنسی تعلق اور زناکاری ناجائز ہے؟ جی ہاں ــ نہیں ــ اگر نہیں، تب خُدا سے کہیں کہ وہ اِس سچائی کو آپ کے دل پر ظاہر کرے۔

2۔ کیا آپ اپنی زندگی کے ہر طرح کے ناجائز جنسی تعلق اور حرامکاری پر توبہ کر چکے ہیں؟ جی ہاں ــ نہیں ــ اگر نہیں، تب ابھی ایسا کریں۔

3۔ کیا آپ جب جنسی آزمایش میں پڑتے ہیں تو ایسی آزمایش سے دُور بھاگتے ہیں؟ جی ہاں ــ نہیں ــ اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے ایسا کرنے کے لئے مدد مانگیں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **عبرانیوں 13: 4**




ہمیں جنسی خواہشوں سے بھاگنا چاہیے

# سبق 9

## شادی اور طلاق

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے

1۔ خُدا طلاق کے بارے میں کیسا محسوس کرتا ہے؟ ملاکی 2: 16

2۔ خُدا کس صورت میں طلاق کو جائز قرار دیتا ہے؟ متی 19: 8

3۔ کس بنیاد پر کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دے سکتا ہے؟ متی 5: 32

4۔ کب انسان دوبارہ شادی کرنے کے لئے آزاد ہے؟ متی 19: 9، 1۔ کرنتھیوں 7: 27-28

5۔ کس بنیاد پر کوئی بھی عورت اپنے شوہر کو طلاق دے سکتی ہے اور پھر دوبارہ شادی کر سکتی ہے؟ 1۔ کرنتھیوں 7: 10-11، 39، رومیوں 7: 2

6۔ خُدا ایسے لوگوں کے بارے میں جو شادی اور طلاق کے حوالے سے اُس کے حکموں کو پامال کرتے ہیں کیا خیال رکھتا ہے؟ مرقس 10: 11-12

7۔ ایسے معاشرے کے ساتھ کیا واقع ہوتا ہے جو شادی اور طلاق کے حوالے سے خُدا کے حکموں کو پامال کرتا ہے؟ یرمیاہ 23: 10، 5: 7-9، 29: 22-23، ہوسیع 4: 1-3

8۔جب شادی اور طلاق کے حوالے سے خُدا کے حکموں کو پامال کرتے ہیں تب ہمیں کیا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے؟ 1۔کرنتھیوں 7: 17،24،27،10-11؛1۔یوحنا1: 9

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔کیا آپ طلاق سے نفرت کرتے ہیں؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو اِسے معاملے ویسے ہی دیکھنے کی ہمت دے جیسے وہ دیکھتا ہے۔

2۔کیا آپ شادی اور طلاق کے حوالے سے خُدا کے حکموں کو پامال کر چکے ہیں؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، توبہ کریں اور اِس معاملے کو بالکل ویسا ہی رکھیں جیسا خُدا چاہتا ہے۔

3۔کیا آپ دوسرے لوگوں کو شادی اور طلاق کے بارے میں خُدا کے حکموں کو پامال کرنے کی اجازت دے چکے ہیں، اور آپ خُدا کے کلام کے مطابق اُنھیں بتانے کی بجائے دوسری باتوں سے اُنھیں سمجھا چکے ہیں؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کو دوسروں کو شادی اور طلاق کے بارے میں سمجھانے میں آپ کی مدد کرے۔

4۔کیا آپ نے کبھی اِس مقصد کے لئے دُعا مانگی ہیں کہ خُدا آپ کے ملک سے طلاق جیسی لعنت کو دُور کر دے؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، تب ایسا کرنے کے لئے آج ہی شروع کریں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **ملاکی 2: 16**



خُدا طلاق سے نفرت کرتا ہے

# سبق10

# شکستہ گھرانے

## (شکستہ گھرانوں کو کیسے بحال کریں)

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ طلاق یافتہ شخص کے بارے میں خُدا کی خواہش کیا ہے؟اِفسیوں5: 25،2۔ کرنتھیوں: 18-19،1۔ تیمتھیس5: 8

2۔ طلاق یافتہ عورت کے لئے خُدا کی کیا خواہش ہے؟1۔ کرنتھیوں7: 11

3۔ خُدا ایسے خاندانوں کو کس نگاہ سے دیکھتا ہے جو گناہ کی وجہ سے ٹوٹ جاتے ہیں؟ یرمیاہ14: 17

4۔ خُدا ایسے لوگوں کے بارے میں جن کے دل اپنی خاندانی صورتحال کی وجہ سے ٹوٹ چکے ہیں کیا خواہش رکھتا ہے؟ زبور147: 3،یسعیاہ61: 1

5۔ خُدا ہمارے لئے کیسا بن جاتا ہے جب ہم اُسے چھوڑ دیتے ہیں جو ہر حال میں ہماری مدد اور ہماری ضرورت کے وقت ہمارا خیال رکھتا ہے؟زبور10: 14،146: 9،68: 9،یسعیاہ54: 5

6۔ جب ہم اپنے ٹوٹے رشتوں کو بحال کرنے کی کوشش کرتے ہیں تب ہمیں کس بات کا سب سے زیادہ خیال رکھنا چاہیے؟ عبرانیوں12: 15

7۔ ہمیں کیا کرنا چاہیے جس سے ہمارے ٹوٹے دل اور ہماری خراب صورتحال بحال ہو سکیں؟ متی 5: 44

8۔ خُدا ہمیں ایسی صورتحال میں کیا کرنے کا فرماتا ہے جب ہمارا تعلق ایک شکستہ گھرانے سے ہوتا ہے؟ 1۔ کرنتھیوں 7: 26-27، 39-40، فلپیوں 4: 11-12، یعقوب 5: 16

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔ کیا آپ تسلیم کرتے ہیں کہ خُدا شکستہ گھرانوں کی بحالی کی خواہش رکھتا ہے جہاں تک ممکن ہو سکے؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا سے اِس حقیقت کو تسلیم کرنے کے لئے مدد مانگیں۔

2۔ کیا آپ ایسے لوگوں کی جن کا تعلق شکستہ گھرانوں سے ہے حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ خُدا اُن کے خاندانوں کو بحال کر سکتا ہے؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب آج ہی ایسا کرنے کے لئے شروع کریں۔


3۔ کیا آپ اِس بات کو قبول کرتے ہیں کہ شکستہ گھرانوں کی بحالی صرف اور صرف یسوع مسیح کے وسیلہ سے ممکن ہے؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا سے اِس حقیقت کو ظاہر کرنے کے لئے دُعا مانگیں اور دوسرے لوگوں کے ساتھ محبت کرنے کے لئے آپ کی مدد کرے۔

4۔ کیا آپ شکستہ گھرانوں کے لوگوں کی یسوع کے ساتھ تعلق بحال کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ وہ اپنی روحانی اور مادی، جذباتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خُدا کے ساتھ رفاقت کو تلاش کریں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب ایسا کرنے کے لئے آج ہی شروع کریں۔

5۔ کیاآپ ایسے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جو شکستہ گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں تاکہ وہ خُداکے ساتھ اپنی رفاقت کو قائم کریں جواُنھیں اُن کے زخموں سے شفادیتاہے اور خُداپر بھروسہ رکھیں جواُن کی ضرورتیں پوری کرتاہے ؟ جی ہاں— نہیں— اگر نہیں، تب ایساکرنے کے لئے آج ہی شروع کریں۔

یاداشتی حوالہ: خُداکی سچائی اِس حوالے کو یادرکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **<u>زبور147: 3</u>**

خُداشکستہ گھرانوں کوشفادیتاہے



# سبق 11

# غیر نجات یافتہ پیارے

## (اپنے خاندان کے ساتھ کیسے یسوع کی باتوں کو بانٹیں)

مطالعاتی حوالہ: پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ غیر نجات یافتہ پیاروں کے بارے میں خُدا کیا فرماتا ہے؟ اعمال 16: 31

2۔ ایک بیوی کو اپنے غیر نجات یافتہ پیاروں کو بچانے کے لئے کیا کرنا چاہیے؟ 1۔ پطرس 3: 1-2، 1۔ کرنتھیوں 7: 13-16، امثال 22: 6

3۔ ایک شوہر کو اپنے غیر نجات یافتہ پیاروں کو بچانے کے لئے کیا کرنا چاہیے؟ اِفسیوں 6: 4، 5: 25، 1۔ کرنتھیوں 7: 12، 14-16؛ کلسیوں 3: 19

4۔ ایک بچے کو اپنے پیاروں کو بچانے کے لئے کیا کرنا چاہیے؟ اِفسیوں 6: 1-2، 1۔ تیمتھیس 4: 12

5۔ خُدا ایسی مشکلات کے بارے میں جن کا سامنا ہم غیر نجات یافتہ لوگوں کے ساتھ رہتے ہوئے کرتے ہیں کے ساتھ نپٹنے کے لئے کیا فرماتا ہے؟ رومیوں 12: 17-21

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔ کیا آپ ایمان رکھتے ہیں کہ کہ خُدا آپ کے خاندان کے اُن لوگوں کو بچانے کی خواہش رکھتا ہے جو یسوع کے لئے زندہ نہیں رہتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب ابھی خُدا سے دُعا مانگیں تاکہ وہ آپ کو ایسا ایمان رکھنے کی قوت عطا کرے۔

2۔ کیا آپ اپنے لوگوں کی یسوع کے لئے زندہ رہنے کے لئے اُن کی مدد کر رہے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب خُدا سے ایسا کرنے کے لئے ابھی دُعا مانگیں۔

3۔ کیا آپ اُن کے ساتھ یسوع کی محبت کو ویسے ہی بانٹ چکے ہیں جیسی آپ یسوع کے ساتھ کرتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، تب ابھی خُدا سے یسوع کی محبت کو بانٹنے کے لئے خُدا سے دُعا مانگیں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **اعمال16: 31**



ہمارے خاندانی افراد جو خُدا سے دُور ہیں بچ جاتے ہیں
جب وہ ہمیں یسوع کے لئے جیتا دیکھتے ہیں

# سبق 12

# خاندانی مالیاتی معاملات

## (بائبل مقدس کے مالیاتی اصول)

مطالعاتی حوالے : پہلے سوال کو غور سے پڑھیے اور پھر بائبل مقدس کے حوالے کو۔ غور کریں (سوچیں کہ خُدا کیا کہہ رہا ہے)۔ ہر سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیے یہ جانتے ہوئے کہ جو کچھ خُدا آپ پر بائبل کے حوالے کو پڑھتے وقت ظاہر کر چکا ہے۔

1۔ خاندان کی مادی وجسمانی ضروریات پوری کرنے کا ذمہ دار کون ہے ؟ 1۔ تیمتھیس 5: 8

2۔ کوئی شخص ایسا کرنے کے لئے خُدا کی مدد کیسے حاصل کر سکتا ہے ؟ استثنا 8: 18، متی 6: 31-33، فلپیوں 4: 19

3۔ ایک عورت کی خاندانی ضروریات کو پورا کرنے کے حوالے سے کیا ذمہ داریاں ہیں ؟ ططس 2: 4-5، امثال 31: 10-31

4۔ کسی بھی شخص کو خُدا کی بادشاہت کا حصہ بننے کے لئے کیا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ خُدا کی برکات کو حاصل کر سکے ؟ متی 4: 17، 25: 14-30؛ اعمال 3: 19؛ 2۔ تیمتھیس 1: 9، رومیوں 11: 29؛ اِفسیوں 5: 17

5۔ اپنے کام کے حوالے کسی بھی شخص کا رویہ کیسا ہونا چاہیے ؟ اِفسیوں 4: 28، 6: 6-7

6۔ کسی شخص کی اپنے کام کے حوالے سے کیسی عادات ہونی چاہیے ؟ امثال 14: 23، 13: 11، 10: 4 & 16

7۔ ہمیں اُن چیزوں کے ساتھ کیا کرنے کی ضرورت ہے جو خُدا ہمیں عطا کرتا ہے ؟ امثال 3: 9-10؛ ملاکی 3: 1-11، متی 6: 19-20؛ 1۔ کرنتھیوں 16: 1-2، 2۔ کرنتھیوں 8: 12-15، 9: 6-8

8۔ذخیرہ خانہ کونسی ایسی جگہ ہے جہاں خُدا ہم سے اُمید کرتا ہے کہ ہم اپنی دہ یکی جمع کرائیں؟ پیدایش14: 18-20، 1۔کرنتھیوں 9: 9-11، گلتیوں6: 6، 1۔ تیمتھیس5: 17-18

9۔اِس کے علاوہ ہمیں کس کو دہ یکی دینی چاہیے؟یعقوب2: 15-16، 1۔یوحنا3: 17، گلتیوں6: 10

10۔پیسے کے معاملات میں ہمیں کیا نہیں کرنا چاہیے؟رومیوں13: 8،امثال22: 26،17: 18

11۔1۔ تیمتھیس6: 6-10 کے مطابق، ہمیں مادی چیزوں کے حوالے سے کونسی چیز قناعت سکھاتی ہے؟

12۔پیسے کو خرچنے میں کون ہماری رہنمائی کرتا ہے؟1۔کرنتھیوں10: 31

13۔خُدا کو کونسی چیز ہماری خاندانی ضروریات کو پورا کرنے کے سلسلے میں روکتی ہے؟استثنا15:28-20

14۔جب خُدا کے کلام کے مطابق زندہ رہتے ہیں تو ہمارے خاندان کے ساتھ کیا واقع ہوتا ہے؟استثنا28: 1-13

**بنیادی سوالات:** آپ کی خُدا کے ساتھ رفاقت کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں اور سچائی پر قائم رہنے میں جو آپ پر ریاضت کے دوران ظاہر ہو چکے ہیں۔

1۔کیا آپ اپنے خاندان کی ضروریات کو پورا کرنے کے حوالے اِس بات کی ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہیں؟جی ہاں— نہیں—اگر نہیں، تب خُدا سے ابھی دُعا مانگیں اور تا کہ خُدا آپ پر اِس بات کو ظاہر کرے۔

2۔کیا آپ اپنی زندگی میں خُدا کی مرضی کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں،اور ایمان رکھتے ہیں کہ وہ آپ کی ضروریات کو پورا کرے گا جونہی آپ ایسا کرتے ہیں؟جی ہاں- نہیں—اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے ایسا کرنے کے لئے مدد مانگیں۔

3۔ کیا آپ کا رویہ اپنے کام کی طرف بہتر ہے، اور کیا آپ کی کام کے حوالے سے عادات اچھی ہیں تا کہ خُدا آپ کو آپ کی ملازمت کے وسیلہ سے برکت دے؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے مانگیں کہ وہ آپ کو آپ کی ملازمت کے حوالے سے بہتر عادات اور رویہ عطا کرے۔

4۔ کیا آپ اپنے پیسے کے معاملات کے وسیلہ سے خُدا کی عزت کرتے ہیں؟ جی ہاں — نہیں — اگر نہیں، توبہ کریں اور خُدا سے ایسا کرنے کی مدد مانگیں۔

یاداشتی حوالہ: خُدا کی سچائی اِس حوالے کو یاد رکھنے کے وسیلہ سے اپنے دل میں قائم رکھیں۔ **فلپیوں 4: 19**

$ ہمیں اپنے پیسوں کو خرچ کرنے کے حوالے سے
خُدا کی مدد لینی چاہیے

# اپینڈکس الف

خدا کے بارے میں جاننے کے لئے اپنے بچوں کی تربیت کرنا

یادرکھنے والے نکات

1۔اِس بات کے بارے میں یقین کر لیں کہ جو نصیحت آپ اپنے بچوں کو کر رہے ہیں اُس کی بنیاد کلام مقدس کے اصولوں پر ہے،نہ کہ آپ کے موجودہ معاشرے کے لحاظ سے۔

2۔اِس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ بطور والدین آپ جو بھی فیصلے کرتے ہیں وہ تمام کتاب مقدس کے اصولوں کے مطابق ہیں۔

3۔**ابتدائی تعلیم کی عمر:** ہر رات اُن کے ساتھ بائبل مقدس میں سے پڑھنے کے لئے وقت نکالیں، یا پھر کتاب مقدس کی کوئی اچھی سی کہانی بیان کریں۔اپنے بچوں کو کتاب مقدس کے بہترین کرداروں اور اُن کی زندگیوں کے بارے میں بتائیں۔اپنے بچوں کی کتاب مقدس کی سچائیوں کو جاننے میں اُن کی مدد کریں جیسے کہ یسوع کون تھا،نہ ہی جھوٹ بولیں اور نہ ہی چوری کریں،اور اپنے پورے دل سے خُدا سے محبت کریں۔ حتیٰ کہ اپنے بچوں کی کتاب مقدس کی کتابوں کو یاد کرنے اور اچھی اچھی آیتوں کو یاد کرنے میں اُن کی مدد کریں۔

4۔**جوانی:** کیا اُن کے اندر اپنے خاندان کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا جوش ہے۔اُن سے کہیں کہ پیدایش سے لے کر مکاشفہ تک کلام مقدس پڑھیں، ہر روز تقریباً ایک باب پڑھیں۔اپنی ذاتی زندگی، خاندانی زندگی اور کلیسیائی زندگی اور بشارتی شاگردیت کی زندگی کو گزارنے کے حوالے سے کلام مقدس کے اصولوں کو پڑھیں؛ اور اُن کا اِطلاق اپنی زندگیوں پر کریں۔۔اُنھیں یقین دلائیں کہ زندگی کی کامیابی کا راز خُدا کو جاننے میں ہے اور اُس کے مقصد کو پورا کرنے میں ہے۔ایسا کرنے کے لئے اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔ حتیٰ کہ، وہ کلام مقدس کے مشہور حوالوں کو یاد کریں۔

# اپینڈکس ب

1۔اِس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ آپ کی زندگی میں خُدا کا منصوبہ ہے اور آپ اپنی زندگی اُس کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے گزار رہے ہیں۔

2۔اپنے منصوبے کو اپنے خاندان اور اپنی بیوی کے ساتھ بانٹیں۔اُن کے لئے دُعا مانگیں،اور خُدا سے اِس بات کو ظاہر کرنے کے لئے وقت مانگیں جیسے وہ اِس منصوبے کا باقاعدہ حصے دار ہے۔

3۔اپنے خاندان اور اپنی بیوی کے لئے دُعا مانگیں کہ وہ خُدا کے بارے میں جانیں اور اپنی زندگیوں میں خُدا کے مقصد کو پورا کریں۔

4۔اپنے خاندان کے لئے خُدا کے منصوبے کی تلاش کریں۔کسی مشنری کو جانیے اور اُس کے لئے دُعا مانگیں اور اُس کی مدد کریں۔

5۔اپنے خاندان کے لئے دُعا مانگیں کہ وہ اپنے ہمسایوں،دوستوں اور رشتے داروں کے ساتھ خُدا کی گواہی کو بانٹیں۔

6۔ جیسے ہی خُدا راہنمائی کرتا ہے،خاندانی طور پر بشارتی مشنوں پر جائیں۔

WOULD YOU LIKE TO HAVE A HAPPY HOME?

WOULD YOU LIKE TO GET ALONG WITH YOUR RELATIVES?

WOULD YOU LIKE TO KNOW HOW TO RAISE CHILDREN?

WHAT ABOUT BEING SINGLE?

WANT TO KNOW HOW TO HEAL A BROKEN HOME?

!!THEN THIS BOOK IS FOR YOU!!

Compiled by Henry Pulsifer

&

Illustrated by Paula Mingucci
Translated by Pastor Michael irfan, Pakistan

This is one of a series of booklets designed to help you *grow to know God* and fulfill His purpose for your life. Henry has experienced the victory that comes from knowing God for over 60 years; including God's healing from cancer as he walked with the cross. Since his healing he has traveled the world sharing *how to know God*; and helping others find blessings and success by *growing to know Him*, and fulfilling His purpose for their life.

Out of this experience he has compiled several learning guides that enable people to*grow to know God*, and understand how to live the basic Bible principles for blessings and success in life. This particular learning guide is designed to help you *grow to know God* through your family relationships by understanding and applying God's principles for family living. It can also be used to help you teach others, and is appropriate for individuals or groups.

COPYRIGHT 1990 ALL RIGHTS RESERVED
No part of this booklet may be reproduced without permission from the publisher.
Exception: portions may be reproduced if distributed free of charge.
Proper credit should be given for the source of the material.

PUBLISHED BY:

Brothers & Sisters in Christ

BROTHERS & SISTERS IN CHRIST
P.O. Box 633
Grapevine, TX 76099
USA

Phone (228) 255-9251

Email basic@basicministries.com
On the web at www.basicministries.com